10.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... حبیب الرحمٰن

Music

☆ جنترمنتر پر CJP مظاہرے کے دوران لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے دلّی میں حفاظتی انتظامات سخت کردیے گئے ہیں۔ 45 میٹرو اسٹیشن شام چھ بجے تک بند رہیں گے۔ دلّی پولیس نے کہا ہے کہ اُن افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے، جو اِس مظاہرے میں شرکت کا منصوبہ بنا رہے تھے۔

☆ BJP نے اپوزیشن پر الزام لگایا ہے کہ وہ آئینی اداروں اور جمہوریت میں لوگوں کے یقین کو کمزور کررہی ہے۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت، پڑوس اور سلامتی سے متعلق عالمی حالات و واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ فوجیں، آتم نربھر بھارت کے تصور کے تحت بڑی تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں۔

☆ بھارت نے اقوامِ متحدہ جنرل اسمبلی میں پاکستان کی مذمت کی ہے کہ وہ جموں و کشمیر کے بارے میں جھوٹ پھیلا رہا ہے۔

☆ اور IMD نے بہار، کرناٹک، ہماچل پردیش اور جموں و کشمیر میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

Delhi Police CJP Permission Denied

دلّی پولیس نے آج قومی راجدھانی میں جنتر منتر پر CJP کی طرف سے مجوزہ مظاہرے کی اجازت نہیں دی ہے۔ اُس نے رہنما خطوط کی خلاف ورزی اور عوام کی بھلائی کے حوالے سے تشویش کا اظہار کیا ہے۔

کل نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلّی پولیس کی جوائنٹ کمشنر Nupur Prasad نے کہا کہ جنتر منتر پر مظاہرے یا دیگر پروگرام منعقد کرنے کی اجازت کی درخواستوں کو کم سے کم 10 دن پہلے داخل کیا جانا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا کہ فی الحال اِس علاقے میں بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ ہیں، جن کے تحت عوامی حفاظت اور امن وقانون برقرار رکھنے کیلئے ضروری بندشیں لاگو ہیں۔

اس دوران، حفاظتی وجوہات سے 45 میٹرو اسٹیشنوں پر داخل ہونے اور نکلنے پر شام چھ بجے تک کے لئے بندش عائد

کردی گئی ہے۔ اِن میں جن پتھ، پٹیل چوک، سینٹر سیکریٹریٹ، لوک کلیان مارگ، راجیو چوک، نیو دہلی، سیوا تیرتھ اور منڈی ہاؤس کے میٹرو اسٹیشن شامل ہیں۔×

Delhi Police Protest Arrangements

دلّی پولیس نے نئی دلّی علاقے میں وسیع حفاظتی انتظامات کئے ہیں تاکہ آج CJP کی طرف سے، جنترمنتر پر مظاہرے کی اپیل کے تناظر میں لوگوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ پولیس عملہ نئی دلّی ضلع میں جگہ جگہ تعینات کیا گیا ہے۔
نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، دلّی پولیس کے ڈپٹی کمشنر کمار ابھشیک نے بتایا کہ علاقے میں عوامی نظم و نسق میں کوئی رکاوٹ نہ آئے، اس کی یقین دہانی کیلئے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔
انہوں نے بتایا کہ اِس علاقے میں کسی بھی ناگوار واقعے کی روک تھام کیلئے تلاشی کی کارروائی انجام دی جارہی ہے۔ DCP نے بتایا کہ کچھ ایسے افراد کو حراست میں بھی لیا گیا ہے، جو آج کے مظاہرے میں شرکت کا منصوبہ بنا رہے تھے۔

SB - DCP Kumar Abhishek

اِس دوران، حفاظتی وجوہات کی بنا پر دلّی میٹرو کے 45 میٹرو اسٹیشنوں میں شام چھ بجے تک داخل ہونے اور باہر نکلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اِن اسٹیشنوں میں جن پتھ، پٹیل چوک، سینٹرل سیکریٹریٹ، لوک کلیان مارگ، راجیو چوک، نئی دلّی، سیوا تیرتھ اور منڈی ہاؤس شامل ہیں۔ نئی دلّی میٹرو اسٹیشن کو چھوڑ کر سبھی میٹرو اسٹیشنوں پر میٹرو بدلنے کی سہولت برقرار رہے گی۔ وہیں دلّی میں سرائے کالے خاں اور نیو اشوک نگر نمو بھارت اسٹیشنوں کے درمیان، نمو بھارت ٹرین خدمات بھی آج رات 10 بجے تک بند رہیں گی۔×

WB Mahalaya

آج مغربی بنگال کا سب سے بڑا تہوار Mahalaya منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار دُرگا پوجا کی آمد کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ اس موقع پر ریاست بھر میں عقیدتمند دریاؤں اور دیگر آبی ذخائر کے کناروں پر ترپَن کی رسم ادا کررہے ہیں اور اپنے آب و اجداد کی روحوں کے سکون کیلئے دعائیں کررہے ہیں۔ Mahalaya کی ایک خاص پہچان آکاشوانی کے مقبول اور تاریخی پروگرام مہیشا سور مَردَنی سے بھی ہے۔x

PM Mahalaya

وزیراعظم نریندر مودی نے Mahalaya کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ ماں درگا کے آشیرواد سے سماج میں خوشی، ہمدردی اور اُمید پیدا ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سبھی کیلئے امن اور خوشحالی آئے گی۔
مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے بھی اِس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ Mahalaya پِتری پکش کا اختتام اور دیوی پکش کا آغاز ہوتا ہے، جو ماں دُرگا کی آمد کا پیش خیمہ ہے۔ انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ دیوی کے آشیرواد سے ہر ایک کی زندگی میں خوشی اور خوشحالی آئے گی۔x

PM Zeliang

وزیراعظم نریندر مودی نے ناگالینڈ کے نائب وزیراعلیٰ T.R. Zeliang کے بیٹے Kuchi Rangkau Zeliang کے اچانک انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے سوگوار کنبے اور اُن کے عزیزوں سے تعزیت کا اظہار کیا اور آنجہانی Kuchi Rangkau Zeliang کی نجات کے لئے دعا کی۔x

Nabin Opposition

BJP کے قومی صدر نتن Nabin نے آج الزام لگایا کہ اپوزیشن پارٹیاں، ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہیں اور وہ غیرملکی طاقتوں کے ایماء پر اپنا کام انجام دے رہی ہیں۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب Nabin نے اپوزیشن پارٹیوں پر ملک میں انتہائی خطرناک اور تشویشناک صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کرنے کا الزام عائد کیا۔ جناب Nabin نے اپوزیشن پر آئین کے نام پر جھوٹ پھیلاکر عوام کی رائے کی بے حرمتی کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں بار بار ناکام ہوجانے کی وجہ سے اپوزیشن پارٹیوں میں مایوسی پیدا ہوگئی ہے۔ BJP صدر نے کہا کہ حکومت، ملک میں کشیدگی پیدا کرنے کی کوشش کرنے والوں سے سختی سے نمٹے گی۔

SB - Nitin Nabin

Bhopal Shivraj

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج الزام لگایا ہے کہ اپوزیشن آئینی اداروں کو کمزور کررہی ہے اور جمہوریت میں لوگوں کی یقین شکنی کررہی ہے۔ مرکزی وزیر نے دعویٰ کیا کہ یہ سب کچھ غیرملکی طاقتوں کی مدد سے کیا جارہا ہے۔

بھوپال میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے آئی این ڈی آئی اے بلاک پر نکتہ چینی کی اور کاکروچ جنتا پارٹی پر، اُس کا نام لئے بغیر طنز کیا۔ جناب چوہان نے کہا کہ ایک طرف عوام، وِکست بھارت کی تعمیر کیلئے وزیرِ اعظم نریندر مودی کا ساتھ دے رہے ہیں، جبکہ دوسری طرف اپوزیشن مایوس اور پریشان ہے۔ جناب چوہان نے الزام لگایا کہ اپوزیشن، اِس میدان میں جیت یا عوام کا اعتماد حاصل کرنے میں ناکام ہے۔ لہٰذا، وہ سڑکوں پر افرا تفری پھیلانے کی کوشش کررہی ہے۔

SB - 1350 Shivraj Singh Chauhan - Protest

وزیرِ موصوف نے لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کی بھی دوسرے ملکوں کی حمایت کرنے پر نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ انہیں غیرملکوں کی طرفداری اور اپنوں کی دِل آزاری کے رجحان پر حیرت ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن یہ نہیں دیکھ سکتی کہ ملک کے کاروباری، آگے بڑھ رہے ہیں۔

ضمنی انتخابات کے نتائج کا ذکر کرتے ہوئے، جناب شیو راج نے کہا کہ BJP اور NDA نے بنگال، آسام اور

پدوچیری میں کامیابی حاصل کی ہے اور یہ محض کوئی کامیابی نہیں بلکہ یہ وزیرِ اعظم مودی اور ملک کی ترقی میں عوام کے یقین کی کامیابی ہے۔ x

Rev Rajnath Tarang Shakti

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ بھارت اپنے پڑوس اور اس سے آگے تک، حالات و واقعات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور جدید جنگی ساز و سامان اور عالمی سلامتی کے نظام میں بڑی تبدیلیوں کے دوران، اِن حالات و واقعات کے دفاعی مضمرات پر بھی اُس کی نظر ہے۔ جودھپور میں فضائی اسٹیشن پر، ترنگ شکتی 2026 مشق سے خطاب کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ بھارتی فوجیں اپنے ڈھانچے، صلاحیتوں اور دفاعی نظریے میں ایک بنیادی تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں۔ یہ تبدیلی آتم نربھر بھارت کے ویژن کی رہنمائی میں کی جارہی ہے۔

فضائی اسٹیشن پر، فضائی کرتبوں کا نظارہ کرتے ہوئے، وزیرِ دفاع نے کہا کہ قائم شدہ عالمی نظام میں تیزی سے تبدیلی آرہی ہے، جبکہ ابھرتے ہوئے عالمی نظام کی شکل غیریقینی ہے۔

جناب سنگھ نے یہ بھی کہا کہ آتم نربھر بھارت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ بھارت، دنیا سے الگ ہوجائے۔ اس کے بجائے یہ اندرونِ ملک صلاحیتوں کی تعمیر میں سرگرم ہے تاکہ اہم دفاعی ٹیکنالوجیز کو ڈیزائن، تیار، برقرار اور بہتر کیا جاسکے۔x

UN - India MP

بھارت نے جموں و کشمیر کے بارے میں جھوٹ اور بے بنیاد باتیں پھیلانے پر اقوام متحدہ میں پاکستان کی سرزنش کی ہے۔ بھارت نے کہا ہے کہ مرکز کا زیر انتظام یہ علاقہ، بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے اور رہے گا۔ بھارت نے آج نیو یارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے دوران، جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ رکن پارلیمنٹ مہیما کماری میواڑ نے پاکستانی نمائندے کی جانب سے دیے گئے بیان کا جواب دیا۔ ایکس پر اپنی پوسٹ میں اقوام متحدہ میں جنرل اسمبلی کے دوران، بھارت نے کہا کہ میواڑ نے پاکستان پر اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم کا غلط استعمال کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے بارے میں غلط دعووں کی تشہیر کا الزام لگایا۔

میواڑ نے پاکستان کے غیر قانونی قبضے والے علاقوں میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو نمایاں کرتے ہوئے پاکستان سے صورتحال سے نمٹنے کو کہا ہے۔ محترمہ میواڑ نے کہا کہ پاکستانی فورسز اور اُس کی درپردہ تنظیموں نے اپنے حقوق اور بنیادی سہولتوں کیلئے احتجاج کررہے شہریوں کا قتل کیا ہے۔x

India-Pak Terrorism

بھارت نے، پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ وہ اُس کے نیوکلیائی دھمکی کے نہیں جھکے گا اور کسی بھی دہشت گردانہ حملے کا منہ توڑ جواب دے گا۔ جنیوا میں ہتھیاروں کے خاتمے سے متعلق اقوام متحدہ کی کانفرنس میں بھارت کے مستقل مشن کے سینئر مشیر انمول شیر بیدی نے گزشتہ روز نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والوں اور اُس کی منصوبہ بندی کرنے والوں کے درمیان

کوئی فرق نہیں کرے گا۔x

Trump Russia Diesel Deal

امریکہ نے، صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پُتن کے درمیان بات چیت کے بعد 7 اپریل 2027 تک، روسی ڈیزل کی فروخت اور درآمد پر عائد بندشیں عارضی طور پر اٹھالی ہیں۔
امریکہ کے خزانے کے محکمے نے اِس فیصلے کا اعلان کل رات کیا، جس کے تحت روسی ڈیزل کی فروخت، فراہمی، لدے ہوئے ڈیزل کو اتارنے اور اِس کی درآمد سے متعلق نقل وحمل کا اختیار دیا گیا ہے۔ ایندھن کی سپلائی میں رکاوٹوں کے دوران ڈیزل کی قیمتوں میں عالمی سطح پر اضافہ ہوا ہے۔ x

Fact Check - IAF Balakot Airstrike

حکومت نے ایک مضمون کو مسترد کیا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ بھارتی فضائیہ کو، بالاکوٹ فضائی حملے کے دوران نقصان ہوا تھا۔ پریس انفارمیشن بیورو PIB کے حقائق کا پتہ لگانے والے یونٹ نے بتایا کہ اِس مضمون میں، اِس کارروائی کی نوعیت اور اِسے انجام دینے کے انداز کو غلط طریقے سے پیش کیا گیا ہے، جس سے ایک گمراہ کن بیانیہ ظاہر ہوتا ہے اور جس میں حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔x

Rev IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے بہار، کرناٹک، ہماچل پردیش اور جموں وکشمیر میں آج دن میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔
محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ مشرقی بھارت، شمالی جزیرہ نما اور شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں سے اگلے دو سے تین دن کے دوران، جنوب مغربی مانسون کی مزید واپسی کیلئے موسمی حالات سازگار ہیں۔
محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، آندھرا پردیش، کیرالہ اور ماہے میں کل تک گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔x

Mandaviya - Brics Sports

نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا، پیر کو احمدآباد میں 2026 کے برکس کے روایتی اور ملک کے کھیل کود مقابلوں کا افتتاح کریں گے۔ اِن کھیل مقابلوں کا انعقاد نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزارت، گجرات سرکار کے ساتھ مل کر کررہی ہے۔ یہ مقابلے بھارت کی برکس صدارت کے تحت کرائے جائیں گے۔
اِن کھیل مقابلوں میں برکس ارکان اور شراکت دار ممالک کے مندوبین روایتی اور ملک کے کھیل کود کے طور طریقوں کو نمایاں کرنے کیلئے یکجا ہوں گے۔
وزارت نے کہا کہ اِن کھیلوں سے ثقافتی تبادلوں، وراثت کے تحفظ اور عوام سے عوام کے درمیان کو بھی فروغ حاصل

ہوگا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اِن کھیلوں کا انعقاد غیرمقابلہ جاتی انداز میں کیا جائے گا۔x

Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، کل رات رانچی میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کو دوسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح 5 میچوں کی یہ سیریز ایک-ایک سے برابر ہوگئی ہے۔ 250 رن کا پیچھا کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے 4 وکٹ کے نقصان پر 18 اوورس اور تین گیند میں 252 رن بنائے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆